ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(360)

مورخہ 04.07.23

**بہاولپور(      )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات،تھانہ نوشہرہ جدید پولیس کی کامیاب کارروائی،چور گینگ کے دو ارکان گرفتار،گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کے موٹرسائیکلز،چوری شدہ بکریاں اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد،ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی،ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مخصوص انفارمیشن پر ریڈ کرکے 02 ملزمان محمد اسماعیل جوئیہ اور عابد رڈ کو گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے تقریبا 03 عدد موٹرسائیکل، 03 عدد بکریاں اور وارادات میں استعمال ہونے والا 01 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جاسکے۔اورعوام الناس کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جاسکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ نوشہرہ جدید پولیس کی کامیاب کارروائی، مختلف چوریوں میں ملوث گرفتار ملزمان

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(361)

مورخہ04.07.2023

## بہاولپور(             )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاون،گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں 07ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں ناجائز اسلحہ،منشیات وشراب برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی اوسید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ ڈیرہ نواب صاحب،تھانہ اوچ شریف اور تھانہ صدر یزمان پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 03ملزمان محمد عطا،امتیاز علی اور شان علی کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03عدد پسٹل 30بور برآمد کر لئے۔اسی طرح تھانہ کینٹ اور تھانہ قائم پور پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب محمد عمران اور محمد شفیق کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 1070 گرام چرس برآمد کر لی،جبکہ تھانہ بغداد الجدید پولیس نے محمد ارسلان کو 25 گرام کرسٹل آئس برآمد کر کے بند حوالات کیا۔تھانہ ڈیراور پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب بالم رام کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 50لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(362)

مورخہ 04.07.23

# بہاولپور(  )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ کینٹ پولیس کی کامیاب کارروائی، مختلف وارداتوں میں ملوث زوار گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار۔ملزمان کے قبضہ سے 09عدد موٹر سائیکل، طلائی زیورات اور چوری شدہ رقم برآمد۔معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی،ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اورڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کینٹ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے سپیشل ٹیم تشکیل دے کر زوار گینگ کے سرغنہ ماسٹر مائنڈ زوار کو ساتھی احسن سمیت حراست میں لے لیا۔ جن سے متعدد مقدمات ٹریس ہوے۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 09عدد موٹر سائیکل، ایک تولہ طلائی زیورات اور ڈیڑھ لاکھ روپے برآمد کر لئے۔گینگ کے دیگر ساتھیوں کے خلاف پولیس آپریشن جاری ہے۔جن کو جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔پولیس نے مختلف مقدمات کی ریکوری مالکان کے حوالے کر دی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد ریکور کرایا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔انہوں نے مزید کہا ایسے مجرموں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا تاکہ دوبارہ ایسے جرائم کرنے کی جرات نہ کریں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور:ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات پر تھانہ کینٹ پولیس کی کامیاب کارروائی،مختلف وارداتوں میں ملوث زوار گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار،چوری شدہ متعدد موٹر سائیکل،طلائی زیورات ونقدی برآمد